8399 ـ کیا نئ تفسیر قرآن مجید کی قدیم تفسیر سے مختلف ہے ؟

سوال

عہداموی میں جوتفسیر تھی اور آج کے دورمیں کوئ فرق ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگرتوسوال سے مراد عہد اموی میں تفسیر ہے جو کہ تابعین اورتبع تابعین اورصغار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کا دور ہے ، تو بعدوالے ادوارکی نبست اس دور میں تدوین بہت ہی کم ہوئ ، بلکہ اس دورمیں صرف روایت پر ہی انحصارکیا جاتا تھا ، اورتفسیر اثری سے معروف تھی ۔

پھراس کے بعد علماء نے تفسیر قرآن میں توسع اختیارکیا اور کئ ایک طریقوں پرچلے ان میں کچھ طریقے توقابل تعریف وستائش اور کچھ قابل قبول اورکچھ مردود تھے ، پھر اس کے بعد آخری دور میں یہ توسع رائے اور استنباط میں اورزیادہ ہوگیا ۔

اورتفسیر میں وہ نظریات اورتغیرات شامل ہوگئے جو تفسیرمیں سے نہیں تھے حتی کہ بعض تفاسیر کے بارہ میں یہ کہا گیا کہ اس میں تفسیر کے علاوہ سب کچھ ہے لیکن تفسیر نہیں ہے ، اس کی مثال درمیانے دورکی تفسیریں ہیں : تفسیررازی ، اورنئے دور میں تفسیر الجواھر ہے ۔ .